# 24-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ کے اضلاع میں خصوصاً شمالی علاقہ کے اضلاع میں آج مسلسل دوسرے دن بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید تا انتہائی شدید بارش ہوئی۔

۲۔ ریاست بھر میں جاری بھاری بارشوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ اے۔ ریونت ریڈی نے تمام اضلاع کے کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مکمل طور پر چوکس رہیں۔

۳۔ آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ نے گزشتہ 18 مہینوں کے دوران 3.2 لاکھ کروڑ روپے سے زائد کی سرمایہ کاری حاصل کی۔

۴۔ مختلف مسائل پر اپوزیشن کے شور وغل کی وجہ سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

CM

ریاست بھر میں جاری بھاری بارشوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ اے۔ ریونت ریڈی نے تمام اضلاع کے کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مکمل طور پر چوکس رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے دہلی میں موجود رہتے ہوئے سی ایم او کے عہدیداروں سے بات کی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ بھاری بارش سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو، اس کے لیے تمام محکمے باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں اور نشیبی علاقوں میں مناسب امدادی اقدامات کیے جائیں۔ گریٹر حیدرآباد سمیت ریاست بھر کے تمام اضلاع میں بارشوں کے باعث تالاب اور آبی ذخائر بھرنے اور سیلابی پانی کے دباؤ والے علاقوں میں عوام کو بروقت خبردار کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ جن اضلاع میں مزید بارش کی پیش قیاسی ہے وہاں کے کلکٹر تمام محکموں کے ساتھ مسلسل صورتحال کا جائزہ لیتے رہیں۔ انہوں نے تاکید کی کہ کسی بھی مقام پر جان و مال کا نقصان نہ ہو، اس کے لیے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔ مزید یہ کہ بارش اور سیلاب کی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور ہر قسم کی امداد فراہم کرنے کے لیے افسران اضلاع میں موجود رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ اعلیٰ عہدیدار اور ضلع کلکٹر باہمی طور پر مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے صورتحال کا ہر وقت جائزہ لیں۔

RAINS

تلنگانہ کے اضلاع میں خصوصاً شمالی علاقہ کے اضلاع میں آج مسلسل دوسرے دن بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید تا انتہائی شدید بارش ہوئی۔ کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے بجور میں سب سے زیادہ 23.68 سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ ملگو ضلع کے وینکٹا پورم میں 21.88 سنٹی میٹر بارش ہوئی۔ کریم نگر اور کھمم اضلاع میں بھی شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس دوران دفتر موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران کئی اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی۔ دفتر موسمیات نے اپنے بلیٹن میں بتایا کہ جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے۔ عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، کھمم، جنگاؤں، میدک اور کاماریڈی اضلاع میں بھی بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کمرم بھیم آصف آباد اور ملگو اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر انتہائی شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ کریم نگر میں شدید بارش ہوئی جبکہ جئے شنکر بھوپال پلی، محبوب آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، سدی پیٹ، سنگاریڈی اور ورنگل اضلاع میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ریاست بھر میں بیشتر مقامات پر بارش ہوئی۔ ریاست بھر میں موسلا دھار بارش کے پیش نظر تلنگانہ اینٹی گریٹیڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر میں قانون نافذ کرنے والی اور ڈیزاسسٹر مینجمنٹ ایجنسیوں کے درمیان تال میل کو بڑھا دیا ہے۔ دفتر موسمیات کی پیش قیاسی اور زمینی سطح کی رپورٹس کے پیش نظر کمانڈ کنٹرول سنٹر نے کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل اور پداپلی اضلاع کے کلکٹرس، پولیس کمشنرس اور ایس پیز کو چوکس کر دیا ہے۔ کمانڈ کنٹرول سنٹر کے ڈائرکٹر وی بی کملاسن ریڈی نے یہ بات بتائی۔ کمانڈ کنٹرول سنٹر میں ملٹی ایجنسی آپریشنس سنٹر 24 گھنٹے کارکرد ہے اور اضلاع کے کنٹرول رومس، مقامی پولیس یونٹوں، ڈیزاسٹر ریسپانس ٹیموں، بلدی حکام اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ مسلسل ربط میں ہے۔

BC RESERVATION

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج دہلی میں صدر کانگریس ملکارجن کھرگے اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہول گاندھی سے ملاقات کی اور انہیں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کے ذریعہ سماجی انصاف کیلئے ریاستی حکومت کی نئی تحریک سے واقف کروایا۔ چیف منسٹر کے ہمراہ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا، پردیش کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ، اے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹراجن، ریاستی وزرا اور پارٹی کے ارکانِ اسمبلی موجود تھے۔ ان قائدین نے پارٹی کے مرکزی لیڈروں کو بتایا کہ تلنگانہ میں سماجی انصاف، مساوات اور کمزور طبقات کو بااختیار بنانے کے لئے کانگریس پارٹی کی کوششوں سے سماج اور حکمرانی میں درجہ فہرست ذاتوں، درجہ فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کی عظیم تر شراکت کیلئے تحریک میں تیزی آرہی ہے۔ ملکارجن کھرگے نے کہا کہ تلنگانہ نے جس سائنٹفک انداز میں ذات پات کا سروے کیا وہ پورے ملک کیلئے ایک مثال ہونا چاہئے۔ 42 فیصد تحفظات کیلئے ریاستی اسمبلی میں منظور کئے گئے قوانین کو صدر جمہوریہ کی منظوری کا انتظار ہے۔

SEETHAKKA:

پنچایت راج کی وزیر سیتااکا آج حیدرآباد کی نامپلی عدالت میں ان کے خلاف 2021ء میں درج کئے گئے ایک مقدمہ کے سلسلہ میں حاضر ہوئیں۔ اپریل 2021ء میں کووڈ کے دوران سیتااکا اور دوسروں نے کووڈ کو راجیو آروگیا شری اسکیم میں شامل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اندرا پارک پر احتجاج کیا تھا۔ اس پر ان کے اور دوسروں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ عدالت کے روبرو حاضر ہونے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کووڈ کے دوران غرباء کی مدد کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے بالاموری وینکٹ، ابھی جیت اور دوسروں کے ساتھ مل کر اندرا پارک پر احتجاج کیا تھا۔ تاہم حکومت نے ہم پر کووڈ پھیلانے کا الزام لگاتے ہوئے ہمارے خلاف مقدمات درج کئے۔ عدالت نے دلائل کی سماعت کے بعد مقدمہ کو 13 اگست تک کیلئے ملتوی کردیا۔

BOGATHA:

ملگو ضلع میں جاری شدید بارش کے پیشِ نظر واز یڑ و منڈل میں بوگا تا آبشار کو فوری طور پر سیاحوں کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ سیاحوں کی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ جنگلات نے یہ فیصلہ کیا۔ محکمہ جنگلات نے ضلع میں متیم دھارا، کونگالا، مامڑی لوڈی اور کرشنا پورم آبشاروں کو بھی بند کر دیا ہے۔ ان احکام کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

FIDE CUP

جارجیا میں شطرنج کے فائیڈ ویمس ورلڈ کپ کے دوسرے سیمی فائنل کے ٹائی بریک میں بھارت کی نمبر ایک کونیرو ہمپی کا مقابلہ چین کی لی ٹینگ جی سے ہوگا۔ کل دونوں کے درمیان مسلسل دوسرا مقابلہ برابری پر ختم ہوا تھا۔ دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کی دیویا دیشمکھ نے چین کی ٹان زونگی کو شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ 19 سالہ دیویا دیشمکھ فائیڈ ویمنس ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچنے والی پہلی ہندوستانی ہیں۔

LS - RS ADJOURN:

مختلف مسائل پر اپوزیشن کے شور وغل کی وجہ سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ لوک سبھا کی کارروائی پہلے دو بجے تک کیلئے اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ دو بجے جب لوک سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو وزیر قانون و انصاف ارجن رام میگھوال گوا کے اسمبلی حلقوں میں درج فہرست قبائل کی نمائندگی کے تعلق سے ایک بل پیش کیا۔ تاہم اپوزیشن کے ارکان نے اپنے مطالبات کی تائید میں نعرے بازی کی۔ میگھوال کی اپیل کے باوجود اپوزیشن نے اپنا احتجاج جاری رکھا جس کی وجہ سے صدر نشین، ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کرنے پر مجبور ہو گئے۔ راجیہ سبھا کی کارروائی صبح 11 بجے شروع ہوئی۔ ایوان میں کچھ کام کاج ہو سکا۔ راجیہ سبھا نے تاملناڈو کی نمائندگی کرنے والے 6 ارکان کو الوداع کہا جو اپنی معیاد کی تکمیل پر ریٹائرڈ ہو گئے۔ ڈپٹی چیرمین ہری ونش نے نئے نامزد رکن اجول نکم کو حلف دلایا۔ اس کام کاج کی تکمیل کے بعد ہری ونش نے وقفہ سوالات شروع کیا لیکن اپوزیشن کے ارکان نے اپنے مطالبات پر زور دیتے ہوئے نعرے بازی کی۔ اس شور وغل کے بیچ انہوں نے ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کر دی۔ ایوان کی کارروائی جب دوپہر دو بجے دوبارہ شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ارکان کا شور وغل جاری رہا۔ اس صورتحال میں صدر نشین نے ایوان کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا۔

SUMMIT

آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ نے گزشتہ 18 مہینوں کے دوران 3.2 لاکھ کروڑ روپے سے زائد کی سرمایہ کاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں آرٹیفشل انٹلیجنس، لائف سائنس، گرین ہائیڈروجن، قابل تجدید توانائی اور دیگر شعبوں میں وسیع تر مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں متحدہ عرب امارات اور ریاستی حکومت کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کانفرنس کا افتتاح کیا۔ سریدھر بابو نے یو اے ای کے صنعتکاروں کو ریاست میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔

OO